2725 :اطراف: مسلم کتاب الطلاق باب وجوب الاحدادفی عدة الوفاةوتحريمه فی غير ذالک الا ثلاثة ايام 2716 ، 2717 2718، 2719 ، 2720 ، 2721 ، 2722، 2723، 2724 ، 2726

تخریج: بخاری کتاب الجنائز باب احداد المرأة على غير زوجها 1280، 1281 ،1282 کتاب الطلاق باب تحد المتوفى عنهااربعة شهر وعشرا 5334 ،5335 باب الكحل للحادة 5339، 5340 باب القسط للحادة عند الطهر 5341 باب تلبس الحادة ثياب العصب 5342 باب والذين يتوفون منكم ويذرون ازواجا... 5345 ترمذی کتاب الطلاق واللعان باب ماجاء فی الحامل المتوفى عنها زوجها تضع 1195، 1196 نسائی کتاب الطلاق عدة المتوفی عنها زوجها 3500 ، 3501 ،3502 ، 3503 ، 3504 باب سقوط الاحداد عن الكتابة ... 3527ترک الزينة للحادة المسلمة ... 3533 ماتجتنب الحادة من الثياب المصبغة 3534النهی عن الكحل للحادة 3538 ، 3539 ابو داؤد کتاب الطلاق باب احداد المتوفى عنها زوجها 2299 ابن ماجه کتاب الطلاق باب كراهية الزينة للمتوفى عنها زوجها 2084 باب هل تحد المرأة على غيرزوجها 2085 ، 2086 ، 2087

2726{67} و حَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ كُنَّا نُنْهَى أَنْ نُحِدَّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا وَلَا نَكْتَحِلُ وَلَا نَتَطَيَّبُ وَلَا نَلْبَسُ ثَوْبًا مَصْبُوغًا وَقَدْ رُخِّصَ لِلْمَرْأَةِ فِي طُهْرِهَا إِذَا اغْتَسَلَتْ إِحْدَانَا مِنْ مَحِيضِهَا فِي نُبْذَةٍ مِنْ قُسْطٍ وَأَظْفَارٍ[3742]

2726 : حضرت ام عطیہؓ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں ہمیں مرنے والے پر تین دن سے زیادہ سوگ کرنے سے منع کیا جاتا تھا۔ سوائے خاوند کے کہ اس پر چار ماہ دس دن اور ہم نہ سُرمہ لگائیں نہ خوشبو استعمال کریں اور نہ رنگے ہوئے کپڑے پہنیں اور عورت جب ہم میں سے کوئی حیض سے پاک ہو کر نہائے تو قسط اور اظفار کا استعمال کر سکتی ہے۔

2726:اطراف: مسلم کتاب الطلاق باب وجوب الاحدادفی عدة الوفاۃوتحریمه فی غیر ذالک الا ثلاثة ایام 2716 ، 2717 2718، 2719 ، 2720 ، 2721 ، 2722، 2723، 2724 ، 2725

تخریج: بخاری کتاب الجنائز باب احداد المرأة علی غیر زوجها 1280، 1281، 1282 کتاب الطلاق باب تحد المتوفی عنهااربعة شهر وعشرا 5334، 5335 باب الکحل للحادة 5339، 5340 باب القسط للحادة عند الطهر5341 باب تلبس الحادة ثیاب العصب 5342 باب والذین یتوفون منکم ویذرون ازواجا... 5345 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان باب ماجاء فی الحامل المتوفی عنها زوجها تضع1195، 1196 **نسائی** کتاب الطلاق عدة المتوفی عنها زوجها 3500 ، 3501، 3502 ، 3503 ، 3504 باب سقوط الاحداد عن الکتابة ... 3527ترک الزینة للحادة المسلمة ... 3533 ماتجتنب الحادة من الثیاب المصبغة 3534النهی عن الکحل للحادة 3538 ، 3539 **ابو داؤد** کتاب الطلاق باب احداد المتوفی عنها زوجها 2299 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب کراهیة الزینة للمتوفی عنها زوجها 2084 باب هل تحد المرأة علی غیرزوجها 2085 ، 2086، 2087

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ اللِّعَانِ

لعان کے بارہ میں کتاب

2727{1}و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ أَخْبَرَهُ أَنَّ عُوَيْمِرًا الْعَجْلَانِيَّ جَاءَ إِلَى عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ الْأَنْصَارِيِّ فَقَالَ لَهُ أَرَأَيْتَ يَا عَاصِمُ لَوْ أَنَّ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ فَسَلْ لِي عَنْ ذَلِكَ يَا عَاصِمُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَ عَاصِمٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَرِهَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا حَتَّى كَبُرَ عَلَى عَاصِمٍ مَا سَمِعَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَجَعَ عَاصِمٌ إِلَى أَهْلِهِ جَاءَهُ

2727: ابن شہاب سے روایت ہے کہ انہیں سہل بن سعد ساعدی نے بتایا کہ حضرت عویمر عجلانیؓ، حضرت عاصمؓ بن عدی انصاری کے پاس آئے اور انہوں نے ان سے کہا اے عاصم! تمہارا کیا خیال ہے اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی غیر مرد کو پائے کیا وہ اسے قتل کر دے؟ پھر تم لوگ اسے قتل کردو گے یا وہ کیا کرے؟ اے عاصم! تم میرے لئے رسول اللہ ﷺ سے پوچھو۔ عاصم نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تو رسول اللہ ﷺ نے ایسے سوالات کو ناپسند فرمایا اور ان کو بُرا قرار دیا یہانتک کہ عاصم پر وہ بات جو اس نے رسول اللہ ﷺ سے سنی گراں گذری۔ جب عاصم اپنے گھر والوں کی طرف واپس آئے تو ان کے پاس عویمر آئے اور انہوں نے کہا اے

2727: تخریج: بخاری كتاب الصلاة باب القضاء واللعان فى المسجد 423 كتاب التفسير باب قوله عزوجل والذين يرمون ازواجهم ولم يكن لهم شهداء 4745 باب والخامسة ان لعنة الله عليه ان كان من الكاذبين 4746 كتاب الطلاق باب من اجاز طلاق الثلاث لقول الله تعالى الطلاق مرتٰن...5259 باب اللعان ومن طلق بعد اللعان 5308باب التلاعن فى المسجد 5309 باب قول النبى ﷺ لو كنت راجما بغير بينة 5310 كتاب الحدود باب من اظهر الفاحشة واللطخ والتهمة بغير بينة 6854 كتاب الاحكام باب من قضى ولاعن فى المسجد 7165، 7166 كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة باب مايكره من التعمق والتنازع فى العلم ...7304 **نسائى** كتاب الطلاق باب الرخصة فى ذالک 3402 باب بدء اللعان 3466 **ابوداؤد** كتاب الطلاق باب فى اللعان 2245، 2251 **ابن ماجه** كتاب الطلاق باب اللعان 2066، 2067، 2068، 2069، 2070

عُوَيْمِرٌ فَقَالَ يَا عَاصِمُ مَاذَا قَالَ لَكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَاصِمٌ لِعُوَيْمِرٍ لَمْ تَأْتِنِي بِخَيْرٍ قَدْ كَرِهَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْأَلَةَ الَّتِي سَأَلْتُهُ عَنْهَا قَالَ عُوَيْمِرٌ وَاللَّهِ لَا أَنْتَهِي حَتَّى أَسْأَلَهُ عَنْهَا فَأَقْبَلَ عُوَيْمِرٌ حَتَّى أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَطَ النَّاسِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَزَلَ فِيكَ وَفِي صَاحِبَتِكَ فَاذْهَبْ فَأْتِ بِهَا قَالَ سَهْلٌ فَتَلَاعَنَا وَأَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا فَرَغَا قَالَ عُوَيْمِرٌ كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنْ أَمْسَكْتُهَا فَطَلَّقَهَا ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَكَانَتْ سُنَّةَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ{2} و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ الْأَنْصَارِيُّ أَنَّ عُوَيْمِرًا الْأَنْصَارِيَّ مِنْ بَنِي الْعَجْلَانِ أَتَى عَاصِمَ بْنَ عَدِيٍّ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِمِثْلِ حَدِيثِ مَالِكٍ

عاصم! رسول اللہ ﷺ نے تمہیں کیا فرمایا؟ عاصم نے عویمر سے کہا تم میرے پاس کوئی بھلائی نہیں لائے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس سوال کو جو میں نے آپؐ سے پوچھا ناپسند فرمایا ہے۔ عویمر نے کہا اللہ کی قسم! میں نہیں رُکوں گا یہانتک کہ آپؐ سے اس کے بارہ میں پوچھ نہ لوں۔ پس عویمر آئے اور لوگوں کے درمیان رسول اللہ ﷺ کے پاس پہنچے اور انہوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! آپؐ اس شخص کے بارہ میں فرمایئے جو اپنی عورت کے پاس کسی اور شخص کو پاتا ہے کیا وہ اسے قتل کردے؟ اور پھر آپ لوگ اسے قتل کردیں یا وہ کیا کرے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تیرے اور تیری بیوی کے بارہ میں (حکم) نازل ہوا ہے جاؤ اور اسے لے آؤ۔ سہل کہتے ہیں پھر ان دونوں نے لعان کیا اور میں لوگوں کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے پاس تھا۔ پس جب دونوں فارغ ہوئے ۔ عویمر نے کہا یا رسولؐ اللہ! اگر میں اسے روک رکھوں تو گویا میں نے اس پر جھوٹ بولا۔ پھر قبل اس کے کہ رسول اللہ ﷺ اسے حکم دیں اس نے اسے تین طلاقیں دے دیں۔ ابن شہاب کہتے ہیں تو پھر دو لعان کرنے والوں کے لئے سنت ہوگئی۔

ایک اور روایت میں (جَاءَ کی بجائے) اَتَى کے الفاظ ہیں اور (اَلْعَجْلَانِیَّ کی بجائے) مِنْ بَنِیْ الْعَجْلَانِ کے الفاظ ہیں۔ باقی روایت سابقہ روایت

وَأَدْرَجَ فِي الْحَدِيثِ قَوْلَهُ وَكَانَ فِرَاقُهُ إِيَّاهَا بَعْدُ سُنَّةً فِي الْمُتَلَاعِنَيْنِ وَزَادَ فِيهِ قَالَ سَهْلٌ فَكَانَتْ حَامِلًا فَكَانَ ابْنُهَا يُدْعَى إِلَى أُمِّهِ ثُمَّ جَرَتْ السُّنَّةُ أَنَّهُ يَرِثُهَا وَتَرِثُ مِنْهُ مَا فَرَضَ اللَّهُ لَهَا{3} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ وَعَنِ السُّنَّةِ فِيهِمَا عَنْ حَدِيثِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَخِي بَنِي سَاعِدَةَ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا وَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِقِصَّتِهِ وَزَادَ فِيهِ فَتَلَاعَنَا فِي الْمَسْجِدِ وَأَنَا شَاهِدٌ وَقَالَ فِي الْحَدِيثِ فَطَلَّقَهَا ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَارَقَهَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاكُمْ التَّفْرِيقُ بَيْنَ كُلِّ مُتَلَاعِنَيْنِ [3745,3744,3743]

کی طرح ہے مگر اس میں راوی نے یہ بات شامل کردی ہے کہ پھر مرد کی عورت سے جدائی لعان کرنے والوں کے لئے سنت ٹھہری اور اس میں مزید یہ بھی ہے کہ سہل کہتے ہیں وہ حاملہ تھی اور اس کے بیٹے کو اس کی ماں کی نسبت سے پکارا جاتا تھا پھر یہ سنت جاری ہوئی کہ وہ اپنی ماں کا وارث ہوگا اور وہ اس کی وارث ہوگی اس میں جو اللہ نے اس کے لئے مقرر کیا ہے۔ ابن جریج بیان کرتے ہیں کہ مجھے ابن شہاب نے دو لعان کرنے والوں کے بارہ میں جو سنت ہے حضرت سہل بن سعدؓ جو بنی ساعدہ میں سے تھے کی (بیان کردہ) حدیث کی بنا پر بتایا کہ انصار کا ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا اور اس نے کہا یا رسولؐ اللہ! آپؐ کا اس شخص کے بارہ میں کیا ارشاد ہے جو اپنی بیوی کے پاس ایک شخص کو پاتا ہے اور راوی نے سارا قصہ بیان کیا اور اس میں یہ مزید بیان کیا کہ انہوں نے مسجد میں لعان کیا تھا اور میں موجود تھا اور روایت میں ہے کہ اس نے اس (عورت) کو تین طلاقیں قبل اس کے کہ رسول اللہ ﷺ اس کو ارشاد فرماتے دیں پھر نبی ﷺ کی موجودگی میں انہوں نے اس کو چھوڑ دیا۔ نبی ﷺ نے فرمایا تمام لعان کرنے والوں کے لئے یہ جدائی ہے۔

2728{4}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ سُئِلْتُ عَنِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ فِي إِمْرَةِ مُصْعَبٍ أَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا قَالَ فَمَا دَرَيْتُ مَا أَقُولُ فَمَضَيْتُ إِلَى مَنْزِلِ ابْنِ عُمَرَ بِمَكَّةَ فَقُلْتُ لِلْغُلَامِ اسْتَأْذِنْ لِي قَالَ إِنَّهُ قَائِلٌ فَسَمِعَ صَوْتِي قَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ ادْخُلْ فَوَاللَّهِ مَا جَاءَ بِكَ هَذِهِ السَّاعَةَ إِلَّا حَاجَةٌ فَدَخَلْتُ فَإِذَا هُوَ مُفْتَرِشٌ بَرْذَعَةً مُتَوَسِّدٌ وِسَادَةً حَشْوُهَا لِيفٌ قُلْتُ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُتَلَاعِنَانِ أَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا قَالَ سُبْحَانَ اللَّهِ نَعَمْ إِنَّ أَوَّلَ مَنْ سَأَلَ عَنْ ذَلِكَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ أَنْ لَوْ وَجَدَ أَحَدُنَا امْرَأَتَهُ عَلَى فَاحِشَةٍ كَيْفَ يَصْنَعُ إِنْ تَكَلَّمَ تَكَلَّمَ بِأَمْرٍ

2728: سعید بن جبیر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں مجھ سے مصعب کے زمانہ میں لعان کرنے والوں کا مسئلہ پوچھا گیا کیا ان دونوں کے درمیان جدائی ڈالی جائے گی؟ انہوں نے کہا میں نہیں جانتا کہ کیا کہوں؟ تو میں مکّہ میں حضرت ابن عمرؓ کے مکان پر گیا اور خادم سے کہا میرے لئے اجازت لو۔ اس نے کہا وہ قیلولہ کررہے ہیں۔ انہوں نے میری آواز سنی۔ انہوں نے کہا ابن جبیر؟ میں نے کہا ہاں۔ انہوں نے کہا اندر آ جاؤ، اللہ کی قسم! تم اس وقت صرف کسی ضرورت کے لئے ہی آئے ہو۔ میں داخل ہوا وہ ایک کمبل بچھائے تکیہ لگائے ہوئے تھے۔ جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی۔ میں نے کہا اے عبدالرحمان! کیا لعان کرنے والوں کے درمیان جدائی ڈال دی جائے گی۔ انہوں نے کہا اللہ پاک ہے ہاں، یقیناً وہ پہلا شخص جس نے اس بارے میں سوال کیا وہ فلاں بن فلاں تھا۔ اس نے کہا یا رسولؐ اللہ! آپؐ کا کیا ارشاد ہے اگر ہم میں سے کوئی اپنی عورت کو بے حیائی

2728: اطراف :**مسلم** کتاب اللعان 2729 ، 2730 ، 2731 ، 2732 ، 2733 ،

تخریج:بخاری کتاب التفسیر باب قوله والخامسة ان لعنة الله علیه ان کان من الکاذبین 4746 باب قوله والخامسة ان غضب الله علیها ...4748 کتاب الطلاق باب احلاف الملاعن 5306 باب صداق الملاعنة 5311 باب قول الامام للمتلاعنین ان احدکما کاذب...5312 باب التفریق بین المتلاعنین 5314 5313 باب یلحق الولد بالملاعنة 5315 باب قول الامام اللهم بین 5316 باب المهر للمدخول علیها وکیف الدخول او طلقها ... 5349 کتاب الفرائض باب المیراث الملاعنة 6748 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فی اللعان 1202، 1203 **نسائی** کتاب الطلاق باب عظة الامام الرجل والمرأة عند اللعان 3473 باب التفریق بین المتلاعنین 3474 استتابة المتلاعنین بعد اللعان 3475 اجتماع المتلاعنین 3476 باب نفی الولد باللعان والحاقه بامه 3477 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب فی اللعان 2253 ، 2254 ، 2255 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب اللعان 2066 ، 2067 ، 2068 ، 2069 ،

عَظِيمٍ وَإِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلَى مِثْلِ ذَلِكَ قَالَ فَسَكَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُجِبْهُ فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذَلِكَ أَتَاهُ فَقَالَ إِنَّ الَّذِي سَأَلْتُكَ عَنْهُ قَدِ ابْتُلِيتُ بِهِ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ هَؤُلَاءِ الْآيَاتِ فِي سُورَةِ النُّورِ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ فَتَلَاهُنَّ عَلَيْهِ وَوَعَظَهُ وَذَكَّرَهُ وَأَخْبَرَهُ أَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا أَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْآخِرَةِ قَالَ لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا كَذَبْتُ عَلَيْهَا ثُمَّ دَعَاهَا فَوَعَظَهَا وَذَكَّرَهَا وَأَخْبَرَهَا أَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا أَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْآخِرَةِ قَالَتْ لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ إِنَّهُ لَكَاذِبٌ فَبَدَأَ بِالرَّجُلِ فَشَهِدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ وَالْخَامِسَةُ أَنَّ لَعْنَةَ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِينَ ثُمَّ ثَنَّى بِالْمَرْأَةِ فَشَهِدَتْ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنْ الْكَاذِبِينَ وَالْخَامِسَةُ أَنَّ غَضَبَ اللَّهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِينَ ثُمَّ فَرَّقَ بَيْنَهُمَا و حَدَّثَنِيهِ عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ قَالَ

کرتے دیکھے تو وہ کیا کرے؟ اگر وہ بات کرے تو بہت بُری بات کرتا ہے اور اگر خاموش رہے تو اس جیسی بات پر خاموش رہتا ہے۔ نبی ﷺ خاموش رہے اور اسے جواب نہ دیا۔ جب اس کے بعد وہ آپؐ کے پاس آیا تو اس نے کہا جس بات کے بارہ میں نبی ﷺ سے پوچھا تھا میں ہی اس میں مبتلاء ہوں تو اللہ تعالیٰ نے سورہ النور میں یہ آیات نازل فرمائیں۔ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ اور وہ لوگ جو اپنی بیویوں پر تہمت لگاتے ہیں☆۔ آپؐ نے یہ آیات اس کے سامنے پڑھیں اور اس کو وعظ اور نصیحت کی اور اسے بتایا کہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب سے آسان ہے۔ اس نے کہا نہیں اس ذات کی قسم! جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے میں نے اس پر جھوٹ نہیں باندھا۔ پھر آپؐ نے اس (عورت) کو بلایا اور اسے وعظ ونصیحت کی اور اُسے بتایا کہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب سے آسان ہے۔ اس نے کہا نہیں، اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے یقیناً وہ جھوٹا ہے۔ آپؐ نے مرد سے شروع کیا اس نے اللہ کی قسم کھا کر چار گواہیاں دیں کہ وہ سچا ہے اور پانچویں مرتبہ کہا اس پر لعنت ہو اگر وہ جھوٹوں میں سے ہے۔ پھر آپؐ نے عورت سے گواہی کے لئے ارشاد فرمایا تو اس نے اللہ

☆ (النور : 7)

سُئِلْتُ عَنِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ زَمَنَ مُصْعَبِ بْنِ الزُّبَيْرِ فَلَمْ أَدْرِ مَا أَقُولُ فَأَتَيْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ فَقُلْتُ أَرَأَيْتَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ أَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا ثُمَّ ذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ نُمَيْرٍ [3747,3746]

کی قسم کھا کر چار گواہیاں دیں کہ یقیناً وہ جھوٹا ہے اور پانچویں مرتبہ کہا کہ اس (عورت) پر اللہ کا غضب ہو اگر وہ (مرد) سچوں میں سے ہے۔ پھر آپؐ نے ان دونوں کے درمیان علیحدگی کروادی۔
ایک اور روایت میں ہے سعید بن جبیرؓ کہتے ہیں کہ مجھ سے مصعب بن زبیر کے زمانہ میں دولعان کرنے والوں کے بارہ میں پوچھا گیا تو میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے پاس آیا اور میں نے کہا آپ کا دولعان کرنے والوں کے بارہ میں کیا خیال ہے؟ کیا دونوں میں علیحدگی کر دی جائے گی؟ ... باقی روایت سابقہ روایت کے مطابق ہے۔

2729{5} و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لِيَحْيَى قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُتَلَاعِنَيْنِ حِسَابُكُمَا عَلَى اللَّهِ أَحَدُكُمَا

2729: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے دولعان کرنے والوں سے فرمایا تم دونوں کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔ تم دونوں میں سے ایک جھوٹا ہے۔ (حضورؐ نے اس مرد کو فرمایا) تیرا اس (عورت) پر کوئی حق نہیں۔ اس نے کہا یا رسولؐ اللہ! میرا مال؟ آپؐ نے فرمایا تیرا کوئی مال نہیں۔ اگر تو نے اس کے بارہ میں سچ بولا ہے تو وہ مال اس کا بدلہ

2729: اطراف: مسلم کتاب اللعان 2728، 2730، 2731، 2732، 2733

تخریج: بخاری کتاب التفسیر باب قوله والخامسة ان لعنة الله عليه ان كان من الكاذبين 4746 باب قوله والخامسة ان غضب الله عليها ...4748 كتاب الطلاق باب احلاف الملاعن 5306 باب صداق الملاعنة 5311 باب قول الامام للمتلاعنين ان احدكما كاذب...5312 باب التفريق بين المتلاعنين 5314 5313 باب يلحق الولد بالملاعنة 5315 باب قول الامام اللهم بين 5316 باب المهر للمدخول عليها وكيف الدخول او طلقها ... 5349 كتاب الفرائض باب الميراث الملاعنة 6748 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فى اللعان 1202، 1203 **نسائی** کتاب الطلاق باب عظة الامام الرجل والمرأة عند اللعان 3473 باب التفريق بين المتلاعنين 3474 استتابة المتلاعنين بعد اللعان 3475 اجتماع المتلاعنين 3476 باب نفى الولد باللعان والحاقه بامه 3477 **ابو داؤد** کتاب الطلاق باب فى اللعان 2253، 2254، 2255 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب اللعان 2066، 2067، 2068، 2069

كَاذِبٌ لَا سَبِيلَ لَكَ عَلَيْهَا قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَالِي قَالَ لَا مَالَ لَكَ إِنْ كُنْتَ صَدَقْتَ عَلَيْهَا فَهُوَ بِمَا اسْتَحْلَلْتَ مِنْ فَرْجِهَا وَإِنْ كُنْتَ كَذَبْتَ عَلَيْهَا فَذَاكَ أَبْعَدُ لَكَ مِنْهَا قَالَ زُهَيْرٌ فِي رِوَايَتِهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُولُ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [3748]

ہے جو تم نے اس سے ازدواجی تعلق قائم کیا اور اگر تو نے اس کے بارہ میں جھوٹ بولا ہے تو وہ مال تیرے لئے اس سے بھی زیادہ دور ہے۔

2730{6} و حَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَّقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَخَوَيْ بَنِي الْعَجْلَانِ وَقَالَ اللَّهُ يَعْلَمُ أَنَّ أَحَدَكُمَا كَاذِبٌ فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ و حَدَّثَنَاه ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَيُّوبَ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ اللِّعَانِ فَذَكَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ [3750,3749]

2730: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے بنی عجلان (قبیلہ) کے جوڑے کے درمیان جدائی کر دی تھی۔ اور فرمایا اللہ جانتا ہے کہ تم میں سے ایک جھوٹا ہے تو کیا تم میں سے کوئی توبہ کرتا ہے؟

2730: اطراف :مسلم كتاب اللعان 2728 ، 2729 ، 2731 ، 2732 ، 2733

تخريج:بخارى كتاب التفسير باب قوله والخامسة ان لعنة الله عليه ان كان من الكاذبين 4746 باب قوله والخامسة ان غضب الله عليها ...4748كتاب الطلا ق باب احلاف الملاعن5306باب صداق الملاعنة 5311 باب قول الامام للمتلاعنين ان احدكما كاذب...5312باب التفريق بين المتلا عنين5314 5313 باب يلحق الولد بالملاعنة 5315باب قول الامام اللهم بين 5316باب المهر للمدخول عليها وكيف الدخول او طلقها ... 5349كتاب الفرائض باب الميراث الملاعنة 6748 **ترمذى** كتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فى اللعان 1202، 1203**نسائى** كتاب الطلاق باب عظة الامام الرجل والمرأةعند اللعان 3473باب التفريق بين المتلاعنين 3474استتابة المتلاعنين بعد اللعان 3475اجتماع المتلاعنين 3476باب نفى الولد باللعان والحاقه بامه3477 **ابو داؤد** كتاب الطلا ق باب فى اللعان2253 ، 2254 ، 2255ابن ماجه كتاب الطلاق باب اللعان 2066 ،2067 ، 2068 ، 2069

2731{7} و حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِلْمِسْمَعِيِّ وَابْنِ الْمُثَنَّى قَالُوا حَدَّثَنَا مُعَاذٌ وَهُوَ ابْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَزْرَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ لَمْ يُفَرِّقْ الْمُصْعَبُ بَيْنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ قَالَ سَعِيدٌ فَذُكِرَ ذَلِكَ لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ فَقَالَ فَرَّقَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَخَوَيْ بَنِي الْعَجْلَانِ [3751]

2731: سعید بن جبیر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں مصعب نے دولعان کرنے والوں کے درمیان جدائی نہیں ڈلوائی۔سعید کہتے ہیں یہ بات حضرت عبداللہؓ بن عمر سے بیان کی گئی تو انہوں نے کہا نبی ﷺ نے بنی عجلان کے جوڑے میں جدائی ڈلوائی تھی۔

2732{8} و حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَا حَدَّثَنَا مَالِكٌ ح و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَاللَّفْظُ لَهُ قَالَ قُلْتُ

2732: یحیٰ کہتے ہیں میں نے مالک سے پوچھا آپ کو نافع نے بتایا ہے کہ حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ

2731: اطراف :مسلم كتاب اللعان 2728 ، 2729 ، 2730 ، 2732 ، 2733

تخريج: بخاری كتاب التفسير باب قوله والخامسة ان لعنة الله عليه ان كان من الكاذبين 4746 باب قوله والخامسة ان غضب الله عليها ...4748كتاب الطلاق باب احلاف الملاعن 5306باب صداق الملاعنة 5311 باب قول الامام للمتلاعنين ان احدكما كاذب...5312باب التفريق بين المتلاعنين 5314 5313 باب يلحق الولد بالملاعنة 5315باب قول الامام اللهم بين 5316باب المهر للمدخول عليها وكيف الدخول او طلقها ... 5349كتاب الفرائض باب الميراث الملاعنة 6748 **ترمذی** كتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فی اللعان 1202، 1203**نسائی** كتاب الطلاق باب عظة الامام الرجل والمرأةعند اللعان 3473باب التفريق بين المتلاعنين 3474استتابة المتلاعنين بعد اللعان 3475اجتماع المتلاعنين 3476باب نفی الولد باللعان والحاقه بامه 3477 **ابو داؤد** كتاب الطلاق باب فی اللعان 2253 ، 2254 ، 2255ابن ماجه كتاب الطلاق باب اللعان 2066 ، 2067 ، 2068 ، 2069

2732: اطراف :مسلم كتاب اللعان 2728 ، 2729 ، 2730 ، 2731 ، 2733

تخريج: بخاری كتاب التفسير باب قوله والخامسة ان لعنة الله عليه ان كان من الكاذبين 4746 باب قوله والخامسة ان غضب الله عليها ...4748كتاب الطلاق باب احلاف الملاعن 5306باب صداق الملاعنة 5311 باب قول الامام للمتلاعنين ان احدكما كاذب...5312باب التفريق بين المتلاعنين 5314 5313 باب يلحق الولد بالملاعنة 5315باب قول الامام اللهم بين 5316باب المهر للمدخول عليها وكيف الدخول او طلقها ... 5349كتاب الفرائض باب الميراث الملاعنة 6748 **ترمذی** كتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فی اللعان 1202، 1203**نسائی** كتاب الطلاق باب عظة الامام الرجل والمرأةعند اللعان 3473باب التفريق بين المتلاعنين 3474استتابة المتلاعنين بعد اللعان 3475اجتماع المتلاعنين 3476باب نفی الولد باللعان والحاقه بامه 3477 **ابو داؤد** كتاب الطلاق باب فی اللعان 2253 ، 2254 ، 2255ابن ماجه كتاب الطلاق باب اللعان 2066 ، 2067 ، 2068 ، 2069

لِمَالِكٍ حَدَّثَكَ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَجُلًا لَاعَنَ امْرَأَتَهُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَرَّقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا وَأَلْحَقَ الْوَلَدَ بِأُمِّهِ قَالَ نَعَمْ [3752]

میں اپنی عورت سے لعان کیا۔تو رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں میں جدائی ڈال دی اور بچے کو اس کی ماں سے ملحق کر دیا۔انہوں نے کہاہاں۔

2733{9} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَا حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَاعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَامْرَأَتِهِ وَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى وَهُوَ الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ [3754,3753]

2733: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ایک انصاری مرد اور اس کی عورت کے درمیان لعان کرایا اور ان دونوں کے درمیان جدائی ڈلوادی۔

2734 {10} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

2734: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم جمعہ کی رات مسجد میں تھے کہ انصار میں سے

2733 : اطراف : مسلم کتاب اللعان 2728 ، 2729 ،2730 ، 2731 ، 2732

تخریج : بخاری کتاب التفسیر باب قوله والخامسة ان لعنة الله عليه ان كان من الكاذبين 4746 باب قوله والخامسة ان غضب الله عليها ...4748 كتاب الطلاق باب احلاف الملاعن 5306 باب صداق الملاعنة 5311 باب قول الامام للمتلاعنين ان احدكما كاذب...5312 باب التفريق بين المتلاعنين 5314 5313 باب يلحق الولد بالملاعنة 5315 باب قول الامام اللهم بين 5316 باب المهر للمدخول عليها وكيف الدخول او طلقها ...5349 كتاب الفرائض باب الميراث الملاعنة 6748 **ترمذی** كتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فى اللعان 1202، 1203 **نسائی** كتاب الطلاق باب عظة الامام الرجل والمرأة عند اللعان 3473 باب التفريق بين المتلاعنين 3474 استتابة المتلاعنين بعد اللعان 3475 اجتماع المتلاعنين 3476 باب نفى الولد باللعان والحاقه بامه 3477 **ابو داؤد** كتاب الطلاق باب فى اللعان 2253 ، 2254 ، 2255 **ابن ماجه** كتاب الطلاق باب اللعان 2066 ، 2067 ، 2068 ، 2069

2734 : تخریج ابو داؤد کتاب الطلاق باب فی اللعان 2253 ، 2254 ، 2256 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب اللعان 2066 ، 2067 ، 2068 =

وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ إِنَّا لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ فِي الْمَسْجِدِ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ مِنْ الْأَنْصَارِ فَقَالَ لَوْ أَنَّ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا فَتَكَلَّمَ جَلَدْتُمُوهُ أَوْ قَتَلَ قَتَلْتُمُوهُ وَإِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلَى غَيْظٍ وَاللَّهِ لَأَسْأَلَنَّ عَنْهُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ فَقَالَ لَوْ أَنَّ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا فَتَكَلَّمَ جَلَدْتُمُوهُ أَوْ قَتَلَ قَتَلْتُمُوهُ أَوْ سَكَتَ سَكَتَ عَلَى غَيْظٍ فَقَالَ اللَّهُمَّ افْتَحْ وَجَعَلَ يَدْعُو فَنَزَلَتْ آيَةُ اللِّعَانِ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ هَذِهِ الْآيَاتُ فَابْتُلِيَ بِهِ ذَلِكَ الرَّجُلُ مِنْ بَيْنِ النَّاسِ فَجَاءَ هُوَ وَامْرَأَتُهُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَلَاعَنَا فَشَهِدَ الرَّجُلُ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنْ الصَّادِقِينَ ثُمَّ لَعَنَ الْخَامِسَةَ أَنَّ لَعْنَةَ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِينَ فَذَهَبَتْ لِتَلْعَنَ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَهْ فَأَبَتْ فَلَعَنَتْ

ایک شخص آیا اور کہا اگر کوئی شخص اپنی عورت کے پاس کسی شخص کو پائے اور وہ اس بات کو بیان کرے تو تم لوگ اسے کوڑے مارو گے یا اگر وہ قتل کرے تو تم اسے قتل کر دو گے اور اگر وہ خاموش رہے تو غصہ کی حالت میں خاموش رہے گا۔ اللہ کی قسم! میں اس بارہ میں ضرور رسول اللہ ﷺ سے پوچھوں گا۔ جب اگلا دن ہوا تو وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور آپؐ سے پوچھا، اس نے کہا اگر کوئی اپنی بیوی کے پاس کسی شخص کو پائے اور وہ بات کو بیان کرے تو آپ اسے کوڑے ماریں گے یا وہ قتل کرے تو آپ اسے قتل کریں گے۔ یا خاموش رہے تو غصہ کی حالت میں خاموش رہے گا۔ آپؐ نے کہا اے اللہ (مجھ پر معاملہ) کھول دے اور آپؐ دعا کرنے لگے تو آیت لعان نازل ہوئی وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُم۔ ترجمہ: اور وہ لوگ جو اپنی بیویوں پر تہمت لگاتے ہیں اور ان کے پاس اپنی ذات کے سوا اور کوئی گواہ نہ ہو تو...☆ اور سب لوگوں میں یہی شخص اس آزمائش میں ڈالا گیا۔ وہ اور اس کی بیوی رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور ان دونوں نے لعان کیا۔ مرد نے اللہ تعالیٰ کی چار قسمیں کھائیں کہ وہ سچا ہے اور پھر اس نے پانچویں بار لعنت کی کہ اس پر اللہ لعنت کرے اگر وہ جھوٹا ہو۔

☆ (النور : 7)

فَلَمَّا أَدْبَرَا قَالَ لَعَلَّهَا أَنْ تَجِيءَ بِهِ أَسْوَدَ جَعْدًا فَجَاءَتْ بِهِ أَسْوَدَ جَعْدًا و حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ جَمِيعًا عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [3756,3755]

وہ عورت بھی لعان کرنے لگی۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے فرمایا سوچ لو، اس نے انکار کیا اور لعنت کی۔ پس جب وہ دونوں واپس چلے گئے، آپؐ نے فرمایا شاید اس کے کالے رنگ گھنگریالے بالوں والا بچہ ہو۔ پھر اس نے (واقعتہً) وہ کالا گھنگریالے بالوں والا بچہ جنا۔

2735{11} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَأَنَا أُرَى أَنَّ عِنْدَهُ مِنْهُ عِلْمًا فَقَالَ إِنَّ هِلَالَ بْنَ أُمَيَّةَ قَذَفَ امْرَأَتَهُ بِشَرِيكِ ابْنِ سَحْمَاءَ وَكَانَ أَخَا الْبَرَاءِ بْنِ مَالِكٍ لِأُمِّهِ وَكَانَ أَوَّلَ رَجُلٍ لَاعَنَ فِي الْإِسْلَامِ قَالَ فَلَاعَنَهَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْصِرُوهَا فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَبْيَضَ سَبِطًا قَضِيءَ الْعَيْنَيْنِ فَهُوَ لِهِلَالِ بْنِ أُمَيَّةَ وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَكْحَلَ جَعْدًا حَمْشَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِشَرِيكِ ابْنِ سَحْمَاءَ قَالَ فَأُنْبِئْتُ أَنَّهَا جَاءَتْ بِهِ أَكْحَلَ جَعْدًا حَمْشَ السَّاقَيْنِ [3757]

2735: محمد سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت انسؓ بن مالک سے پوچھا اور میرا خیال تھا کہ انہیں اس بارہ میں علم ہے۔ انہوں نے کہا یقیناً ہلال بن امیہ نے اپنی بیوی پر شریک بن سحماء سے بدکاری کا الزام لگایا اور وہ براء بن مالک کا ماں کی طرف سے بھائی تھا۔ اور وہ پہلا شخص تھا جس نے اسلام میں لعان کیا۔ راوی کہتے ہیں چنانچہ اس نے اس عورت سے لعان کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس پر نظر رکھو۔ اگر وہ سفید رنگ، سیدھے بال اور سرخ آنکھوں والا (بچہ) جنے تو وہ ہلال بن امیہ کا ہے اور اگر وہ سرمئی آنکھوں، گھنگریالے بالوں پتلی پنڈلیوں والا لائے تو وہ شریک ابن سحماء کا ہے۔ راوی کہتے ہیں پھر مجھے بتایا گیا کہ اس نے سرمئی آنکھوں گھنگریالے بالوں پتلی ٹانگوں والے بچے کو جنم دیا۔

2736{12}و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحِ بْنِ الْمُهَاجِرِ وَعِيسَى بْنُ حَمَّادٍ الْمِصْرِيَّانِ وَاللَّفْظُ لِابْنِ رُمْحٍ قَالَا أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ

2736: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے پاس لعان کا ذکر ہوا تو عاصم بن عدی نے اس بارہ میں کوئی بات کہہ دی۔ پھر وہ

2735 : تخریج: ابو داؤد کتاب الطلاق باب اللعان فی قذف الرجل زوجته برجل بعینه 3468 باب کیف اللعان 3469

2736: اطراف: مسلم کتاب اللعان 2737=

يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ قَالَ ذُكِرَ التَّلَاعُنُ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عَاصِمُ بْنُ عَدِيٍّ فِي ذَلِكَ قَوْلًا ثُمَّ انْصَرَفَ فَأَتَاهُ رَجُلٌ مِنْ قَوْمِهِ يَشْكُو إِلَيْهِ أَنَّهُ وَجَدَ مَعَ أَهْلِهِ رَجُلًا فَقَالَ عَاصِمٌ مَا ابْتُلِيتُ بِهَذَا إِلَّا لِقَوْلِي فَذَهَبَ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ بِالَّذِي وَجَدَ عَلَيْهِ امْرَأَتَهُ وَكَانَ ذَلِكَ الرَّجُلُ مُصْفَرًّا قَلِيلَ اللَّحْمِ سَبِطَ الشَّعَرِ وَكَانَ الَّذِي ادَّعَى عَلَيْهِ أَنَّهُ وَجَدَ عِنْدَ أَهْلِهِ خَدْلًا آدَمَ كَثِيرَ اللَّحْمِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ بَيِّنْ فَوَضَعَتْ شَبِيهًا بِالرَّجُلِ الَّذِي ذَكَرَ زَوْجُهَا أَنَّهُ وَجَدَهُ عِنْدَهَا فَلَاعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا فَقَالَ رَجُلٌ لِابْنِ عَبَّاسٍ فِي الْمَجْلِسِ أَهِيَ الَّتِي قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ رَجَمْتُ أَحَدًا بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ رَجَمْتُ هَذِهِ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَا تِلْكَ امْرَأَةٌ كَانَتْ تُظْهِرُ فِي الْإِسْلَامِ السُّوءَ و حَدَّثَنِيهِ أَحْمَدُ بْنُ

واپس گئے تو ان کے پاس ان کی قوم کا ایک شخص آیا اوران سے شکایت کرنے لگے کہ اس نے اپنی بیوی کے پاس ایک شخص کو پایا ہے۔عاصم نے کہا میں اس میں معاملہ میں اپنی بات کی وجہ سے ہی آزمائش میں پڑا ہوں۔ پھر وہ اسے رسول اللہ ﷺ کے پاس لے گئے اوراس نے آپؐ کواس شخص کے بارہ میں بتایا جسے اس نے اپنی بیوی کے پاس پایا تھا وہ شخص زرد رنگ کا دبلا پتلا،سیدھے بالوں والا تھا اورجس کے خلاف وہ دعوٰی کرتا تھا کہ اس نے اس کو اپنی بیوی کے پاس پایا ہے وہ موٹی پنڈلیوں والا،گندمی رنگ اور موٹا تازہ تھا۔رسول اللہ ﷺ نے دعا کی اے اللہ! (معاملہ کو) کھول دے۔پھراس عورت نے اس شخص سے ملتے جلتے کوجنم دیا جس کا ذکراس کے خاوند نے کیا تھا کہ اس کو اس نے اس کے پاس پایا ہے رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں کے درمیان لعان کرایا ایک شخص نے حضرت ابن عباسؓ سے ایک مجلس میں کہا کیا یہ وہی عورت ہے جس کے بارہ میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر میں کسی کو بغیر دلیل کے سنگسار کرتا تو اس عورت کو سنگسار کرتا۔حضرت ابن عباسؓ نے کہا نہیں وہ تو وہ عورت تھی جو اسلام میں علانیہ برائی پھیلاتی تھی۔

= **تخریج: بخاری** کتاب الطلاق لوکنت راجما بغير نية 5310 كتاب الحدود باب من اظهر الفاحشة واللطخ والتهمة بغير بينة 6855، 6856 كتاب التمنى باب ما يجوز من اللو وقوله تعالى لو ان لى بكم قوة 7238 **نسائی** كتاب الطلاق باب اللعان بالحبل 3467 باب قول الامام اللهم بين 3470، 3471 ابن ماجه كتاب الحدود باب من اظهر الفاحشة 2559،2560

يُوسُفَ الْأَزْدِيُّ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ عَنْ يَحْيَى حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْقَاسِمِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ قَالَ ذُكِرَ الْمُتَلَاعِنَانِ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ اللَّيْثِ وَزَادَ فِيهِ بَعْدَ قَوْلِهِ كَثِيرَ اللَّحْمِ قَالَ جَعْدًا قَطَطًا[3759,3758]

ایک اور روایت میں (ذِكْرُ التَّلَاعِنِ کی بجائے) ذُكِرَ الْمُتَلَاعِنَانِ کے الفاظ ہیں۔اسی طرح اس روایت میں كَثِيرَ اللَّحْمِ کے بعد جَعْدًاقِطَطًا کے الفاظ ہیں یعنی گھنگریالے بالوں والا۔

2737{13} و حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لِعَمْرٍو قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ شَدَّادٍ وَذُكِرَ الْمُتَلَاعِنَانِ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ ابْنُ شَدَّادٍ أَهُمَا اللَّذَانِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ رَاجِمًا أَحَدًا بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ لَرَجَمْتُهَا فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَا تِلْكَ امْرَأَةٌ أَعْلَنَتْ قَالَ ابْنُ أَبِي عُمَرَ فِي رِوَايَتِهِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ[3760]

2737: عبداللہ بن شداد کہتے ہیں حضرت ابن عباسؓ کے سامنے دو[2] لعان کرنے والوں کا ذکر کیا گیا۔ابن شداد نے کہا کیا یہ دونوں وہ ہیں جن کے متعلق نبی ﷺ نے فرمایا کہ اگر میں کسی کو بغیر دلیل کے سنگسار کرتا تو اس (عورت) کو سنگسار کرتا۔ حضرت ابن عباسؓ نے کہا نہیں، (وہ) تو وہ عورت تھی جو علانیہ (بدکار) تھی۔

2737 : اطراف: مسلم کتاب اللعان 2736

تخریج: بخاری کتاب الطلاق لو کنت راجما بغیر نیة 5310 کتاب الحدود باب من اظهر الفاحشة واللطخ والتهمة بغیر بینة 6855 6856 کتاب التمنی باب ما یجوز من اللو وقوله تعالی لو ان لی بکم قوة 7238 **نسائی** کتاب الطلاق باب اللعان بالحبل 3467 باب قول الامام اللهم بین 3470، 3471 **ابن ماجه** کتاب الحدود باب من اظهر الفاحشة 2559،2560

2738{14}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي الدَّرَاوَرْدِيَّ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ الْأَنْصَارِيَّ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ الرَّجُلَ يَجِدُ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا قَالَ سَعْدٌ بَلَى وَالَّذِي أَكْرَمَكَ بِالْحَقِّ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَعُوا إِلَى مَا يَقُولُ سَيِّدُكُمْ [3761]

2738: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضرت سعدؓ بن عبادہ انصاری نے کہا یا رسولؐ اللہ! فرمایئے آپؐ کا کیا خیال ہے ایک شخص اپنی بیوی کے پاس ایک آدمی کو پاتا ہے ، کیا وہ اس (آدمی) کو قتل کردے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نہیں۔ حضرت سعدؓ نے کہا کیوں نہیں۔ اس کی قسم جس نے آپؐ کو سچائی کے ساتھ معزز کیا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سنو! تمہارا سردار کیا کہہ رہا ہے۔

2739{15} و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنْ وَجَدْتُ مَعَ امْرَأَتِي رَجُلًا أَؤُمْهِلُهُ حَتَّى آتِيَ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ قَالَ نَعَمْ [3762]

2739: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضرت سعدؓ بن عبادہؓ نے کہا یا رسولؐ اللہ! اگر میں اپنی بیوی کے پاس کسی شخص کو پاؤں کیا میں اس کو مہلت دوں یہانتک کہ میں چار گواہ لاؤں۔ آپؐ نے فرمایا ہاں۔

2738: اطراف: **مسلم** کتاب اللعان 2739، 2740

تخريج: بخاری كتاب الحدود باب من رای مع امراته رجلا فقتله 6846 كتاب التوحيد باب قول النبی ﷺ لاشخص اغير من الله 7416 **ابو داؤد** كتاب الديات باب فيمن وجد مع اهله رجلا ايقتله 4332، 4533 **ابن ماجه** كتاب الحداد باب الرجل يجد مع امراته رجلا 2605، 2606

2739: اطراف: **مسلم** کتاب اللعان 2738، 2740

تخريج: كتاب الحدود باب من رای مع امراته رجلا فقتله 6846 كتاب التوحيد باب قول النبی ﷺ لاشخص اغير من الله 7416 **ابوداؤد** كتاب الديات باب فيمن وجد مع اهله رجلا ايقتله 4332، 4533 **ابن ماجه** كتاب الحداد باب الرجل يجد مع امراته رجلا 2605، 2606

2740{16}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ حَدَّثَنِي سُهَيْلٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَوْ وَجَدْتُ مَعَ أَهْلِي رَجُلًا لَمْ أَمَسَّهُ حَتَّى آتِيَ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ قَالَ كَلَّا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ إِنْ كُنْتُ لَأُعَاجِلُهُ بِالسَّيْفِ قَبْلَ ذَلِكَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَعُوا إِلَى مَا يَقُولُ سَيِّدُكُمْ إِنَّهُ لَغَيُورٌ وَأَنَا أَغْيَرُ مِنْهُ وَاللَّهُ أَغْيَرُ مِنِّي[3763]

2740: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں حضرت سعدؓ بن عبادہؓ نے کہا یا رسولؐ اللہ! اگر میں اپنی بیوی کے ساتھ کسی شخص کو پاؤں تو اس کو ہاتھ نہ لگاؤں یہاںتک کہ میں چار گواہ لے آؤں؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہاں۔ اس نے کہا ہرگز نہیں۔ اس کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے اگر میں ہوں تو اس سے پہلے ہی جلدی سے تلوار کے ساتھ اس کا (فیصلہ) کر دوں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سنو! تمہارا سردار کیا کہتا ہے۔ وہ بہت غیور ہے! اور میں اس سے زیادہ غیرت والا ہوں اور اللہ تعالیٰ مجھ سے بھی زیادہ غیرت والا ہے۔

2741{17}حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ وَأَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ الْجَحْدَرِيُّ وَاللَّفْظُ لِأَبِي كَامِلٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ وَرَّادٍ كَاتِبِ الْمُغِيرَةِ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ لَوْ رَأَيْتُ رَجُلًا مَعَ امْرَأَتِي لَضَرَبْتُهُ بِالسَّيْفِ غَيْرُ مُصْفِحٍ عَنْهُ

2741: حضرت مغیرہ بن شعبہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں حضرت سعد بن عبادہؓ نے کہا اگر میں کسی شخص کو اپنی بیوی کے پاس دیکھوں تو اُسے تلوار سے قتل کر دوں اور تلوار بھی چوڑے رخ سے نہیں (دھار کے رُخ سے۔) یہ بات رسول اللہ ﷺ کو پہنچی تو آپؐ نے فرمایا کیا تم سعدؓ کی غیرت پر تعجب کرتے ہو؟ اللہ کی قسم! میں اس سے زیادہ غیرت مند

2740 : اطراف: مسلم کتاب اللعان2738، 2739

تخریج: کتاب الحدود باب من رای مع امراته رجلا فقتله 6846 کتاب التوحید باب قول النبی ﷺ لاشخص اغیر من الله 7416 ابو داؤد کتاب الدیات باب فیمن وجد مع اهله رجلا ایقتله 4332، 4533 ابن ماجه کتاب الحدود باب الرجل یجد مع امراته رجلا2605، 2606

2741: تخریج: بخاری کتاب الحدود باب من رای مع امراته رجلا فقتله 6846 کتاب التوحید باب قول النبی ﷺ لاشخص اغیر من الله7416

فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَتَعْجَبُونَ مِنْ غَيْرَةِ سَعْدٍ فَوَاللَّهِ لَأَنَا أَغْيَرُ مِنْهُ وَاللَّهُ أَغْيَرُ مِنِّي مِنْ أَجْلِ غَيْرَةِ اللَّهِ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا شَخْصَ أَغْيَرُ مِنَ اللَّهِ وَلَا شَخْصَ أَحَبُّ إِلَيْهِ الْعُذْرُ مِنَ اللَّهِ مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ بَعَثَ اللَّهُ الْمُرْسَلِينَ مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ وَلَا شَخْصَ أَحَبُّ إِلَيْهِ الْمِدْحَةُ مِنَ اللَّهِ مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ وَعَدَ اللَّهُ الْجَنَّةَ و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَقَالَ غَيْرَ مُصْفِحٍ وَلَمْ يَقُلْ عَنْهُ [3764،3765]

ہوں اور اللہ مجھ سے زیادہ غیرت مند ہے۔ اللہ نے اپنی غیرت ہی کی وجہ سے بے حیائیوں کو منع فرمایا ہے جو ان میں سے ظاہر ہوں اور جو پوشیدہ ہوں اور کوئی شخص بھی اللہ سے زیادہ غیرت مند نہیں اور اللہ سے بڑھ کر کوئی شخص معذرت کرنے کو پسند نہیں کرتا۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے رسولوں کو بشارت دینے والے اور ڈرانے والے بنا کر مبعوث فرمایا ہے اور کوئی شخص اللہ سے بڑھ کر مدح کو پسند نہیں کرتا۔ اس وجہ سے اللہ تعالیٰ نے جنت کا وعدہ کیا ہے۔

ایک اور روایت میں غَيْرَ مُصْفِحٍ کے بعد عَنْهُ کے الفاظ نہیں ہیں۔

2742{18}و حَدَّثَنَاه قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لِقُتَيْبَةَ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي فَزَارَةَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

2742: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں بنی فزارہ میں سے ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا اور کہا میری بیوی نے سیاہ (رنگ کے) بچے کو جنم دیا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا کیا تمہارے پاس اونٹ ہیں؟ اس نے کہا جی ہاں۔ آپؐ نے فرمایا ان کے رنگ کیا ہیں؟ اس نے کہا سرخ۔ آپؐ نے فرمایا کیا

2742 : اطراف: مسلم کتاب اللعان 2743

تخریج: بخاری کتاب الطلاق باب اذا عرض بنفی الولد 5305 کتاب الحدود باب ماجاء فی التعریض 6847 کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة باب من شبه اصلا معلوما باصل مبین ...7314 **ترمذی** کتاب الولاء والهبة عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فی الرجل ینتفی من ولده 2128 **نسائی** کتاب الطلاق باب اذا عرض بامراته وشک فی ولده 3478، 3479، 3480 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب اذا شک فی الولد 2260 ، 2262 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب الرجل یشک فی ولده 2002 ، 2003

فَقَالَ إِنَّ امْرَأَتِي وَلَدَتْ غُلَامًا أَسْوَدَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَكَ مِنْ إِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَمَا أَلْوَانُهَا قَالَ حُمْرٌ قَالَ هَلْ فِيهَا مِنْ أَوْرَقَ قَالَ إِنَّ فِيهَا لَوُرْقًا قَالَ فَأَنَّى أَتَاهَا ذَلِكَ قَالَ عَسَى أَنْ يَكُونَ نَزَعَهُ عِرْقٌ{19} قَالَ وَهَذَا عَسَى أَنْ يَكُونَ نَزَعَهُ عِرْقٌ و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ ح و حَدَّثَنِي ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ جَمِيعًا عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيثِ ابْنِ عُيَيْنَةَ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِ مَعْمَرٍ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَلَدَتْ امْرَأَتِي غُلَامًا أَسْوَدَ وَهُوَ حِينَئِذٍ يُعَرِّضُ بِأَنْ يَنْفِيَهُ وَزَادَ فِي آخِرِ الْحَدِيثِ وَلَمْ يُرَخِّصْ لَهُ فِي الِانْتِفَاءِ مِنْهُ [3767,3766]

ان میں کوئی خاکستری بھی ہیں؟اس نے کہا ان میں خاکستری بھی ہے۔آپؐ نے فرمایا وہ (رنگ) کہاں سے آیا؟اس نے کہا شاید وہ کسی رگ کی وجہ سے ہو۔ آپؐ نے فرمایا ممکن ہے کہ یہ (بھی) کسی رگ کی وجہ سے ہو۔

ایک اور روایت میں ہے اس نے کہا یا رسولؐ اللہ! میری بیوی نے سیاہ (رنگ کے) بچے کو جنم دیا ہے اور اس کے بارہ میں وہ یہ اشارہ کر رہا تھا کہ اس کے (اپنے نسب سے ہونے کا) انکار کر دے۔ اور روایت کے آخر میں اضافہ ہے کہ آپؐ نے اسے اس سے انکار کی اجازت نہیں دی۔

2743{20} و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى وَاللَّفْظُ لِحَرْمَلَةَ قَالَا

2743: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور اس نے کہا

2743: اطراف: مسلم کتاب اللعان 2742

تخریج: بخاری کتاب الطلاق باب اذا عرض بنفی الولد 5305 کتاب الحدود باب ماجاء فی التعریض 6847 کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة باب من شبه اصلا معلوما باصل مبین ...7314 **ترمذی** کتاب الولاء والهبة عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فی الرجل ینتفی من ولده 2128 **نسائی** کتاب الطلاق باب اذا عرض بامراته وشک فی ولده 3478، 3479، 3480 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب اذا شک فی الولد 2260،2262 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب الرجل یشک فی ولده 2002 ، 2003

أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ أَعْرَابِيًّا أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ امْرَأَتِي وَلَدَتْ غُلَامًا أَسْوَدَ وَإِنِّي أَنْكَرْتُهُ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَكَ مِنْ إِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ مَا أَلْوَانُهَا قَالَ حُمْرٌ قَالَ فَهَلْ فِيهَا مِنْ أَوْرَقَ قَالَ نَعَمْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنَّى هُوَ قَالَ لَعَلَّهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ يَكُونُ نَزَعَهُ عِرْقٌ لَهُ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهَذَا لَعَلَّهُ يَكُونُ نَزَعَهُ عِرْقٌ لَهُ و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا حُجَيْنٌ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّهُ قَالَ بَلَغَنَا أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ حَدِيثِهِمْ[3769,3768]

یا رسولؐ اللہ! میری بیوی نے سیاہ رنگ کے بچے کو جنم دیا ہے ۔اور مجھے یہ بات بالکل اوپری لگی ہے۔ نبی ﷺ نے اس سے فرمایا کیا تیرے پاس اونٹ ہیں؟ اس نے کہا جی ہاں۔آپؐ نے فرمایا ان کے رنگ کیا ہیں؟ اس نے کہا سرخ۔آپؐ نے فرمایا کیا ان میں کوئی خاکستری بھی ہے؟ اس نے کہا جی ہاں۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ کیسے؟اس نے کہا یا رسولؐ اللہ! شاید وہ کسی رگ کی وجہ سے ہو تو نبی ﷺ نے اس سے فرمایا تو شاید یہ بھی اس کی کسی رگ کی وجہ سے ہو۔

❁❁❁

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ العِتُق

(غلاموں کی) آزادی کے بارہ میں کتاب

2744{1}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قُلْتُ لِمَالِكٍ حَدَّثَكَ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَعْتَقَ شِرْكًا لَهُ فِي عَبْدٍ فَكَانَ لَهُ مَالٌ يَبْلُغُ ثَمَنَ الْعَبْدِ قُوِّمَ عَلَيْهِ قِيمَةَ الْعَدْلِ فَأَعْطَى شُرَكَاءَهُ حِصَصَهُمْ وَعَتَقَ عَلَيْهِ الْعَبْدُ وَإِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ و حَدَّثَنَاه قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ جَمِيعًا عَنْ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ ح و حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ ح و حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ وَأَبُو كَامِلٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ سَمِعْتُ

2744: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص مشترکہ غلام میں سے اپنا حصہ آزاد کرے اور اس کے پاس اتنا مال ہو جو غلام کی قیمت کو پہنچ جائے تو اس کی منصفانہ قیمت لگائی جائے اور وہ شرکاء کو ان کے حصے دے دے اور غلام اس کی طرف سے آزاد ہو جائے گا اور اگر ایسا نہ ہو تو اس کا اتنا ہی حصہ آزاد ہوگا جتنا آزاد ہوا۔

2744 : اطراف: مسلم کتاب الایمان باب من اعتق شرکا له فی عبد 3133، 3134، 3135، 3136، 3137

تخریج : بخاری کتاب الشرکة باب تقویم الاشیاء بین الشرکاء ...2492 باب الشرکة فی الرقیق 2504 کتاب العتق باب اذا اعتق عبد بین اثنین... 2521، 2522، 2523، 2524، 2525 باب کراهیة التطاول علی الرقیق ...2553 **ترمذی** کتاب الاحکام عن رسول الله باب ماجاء فی العبد یکون بین الرجلین ... 1348 **ابو داؤد** کتاب العتق باب فیمن روی انه لایستسعی 3947 باب من ذکر السعایة فی هذ اا لحدیث 3937، 3938 **ابن ماجه** کتاب العتق باب من اعتق شرکا له فی عبد 2527، 2528

يَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ ح و حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي إِسْمَعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ ح و حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ كُلُّ هَؤُلَاءِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ بِمَعْنَى حَدِيثِ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ [3771,3770]

[1]1: بَاب: ذِكْرُ سِعَايَةِ الْعَبْدِ

باب: غلام کی (اپنی آزادی کے لئے) کوشش کا ذکر

2745{2} وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْمَمْلُوكِ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ فَيُعْتِقُ أَحَدُهُمَا قَالَ يَضْمَنُ [3772]

2745: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے اس غلام کے بارہ میں جو دو آدمیوں میں (مشترک) ہو اور ان میں ایک (اپنا حصہ) آزاد کرے تو آپؐ نے فرمایا وہ ضامن ہوگا۔

2745 : اطراف : مسلم کتاب العتق باب ذکر سعایة العبد 2746 کتاب الایمان باب من اعتق شرکا له فی عبد 3133، 3134 **تخریج : بخاری** کتاب الشرکة باب تقویم الاشیاء بین الشرکاء ... 2492 باب الشرکة فی الرقیق 2504 کتاب العتق باب اذا اعتق نصیبا فی عبد ... 2527 **ترمذی** کتاب الاحکام عن رسول الله باب ماجاء فی العبد یکون بین الرجلین ... 1348 **ابو داؤد** کتاب العتق باب فیمن روی انه لایستسعی 3947باب من ذکر السعایة فی هذ االحدیث 3937، 3938 **ابن ماجه** کتاب العتق باب من اعتق شرکا له فی عبد2527، 2528

